## میں آج بھی زندہ ہوں اور قائدتحریک الطاف حسین پر اعتماد کرتا ہوں

## مسلم لیگی رہنماء چوہدری نثار کے بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے، سابق وفاقی وزیر سید طارق محمود کی پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔30دسمبر 2010ء

سابق حق پرست وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ وتعمیرات سید طارق محمود نے مسلم لیگی رہنماء چوہدری نثار کے بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور اپنے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ الحمداللہ میں زندہ ہوں میں نہ صرف زندہ ہوں بلکہ ایم کیوایم سے وابستہ اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتا ہوں۔گزشتہ روز اپنی رہائشگاہ پر ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گذشتہ میں نے TV پر دیکھا ہے کہ جس میں چوہدری نثار عجیب وغریب بات کہہ رہے تھے کہ ایم کیوایم نے مجھے قتل کرادیا ہے یہ ان کا انتہائی غیر ذمہ داران بیان ہے میں حیات ہوں اور قوم کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں حیات ہوں اور یہاں موجود ہوں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قتل و غارتگری جیسی سرگرمیوں میں ہرگز ملوث نہیں ہوئی میں آج بھی ایم کیوایم سے وابستہ ہوں اور الطاف حسین کی قیادت پر مکمل یقین رکھتا ہوں مجھے بہت افسوس ہے کہ چوہدری نثار نے مجھے مقتول قرار دیا ہے جو لوگ ایسی بات کرتے ہیں دراصل خود ہی اس میں ملوث ہوتے ہیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرے قتل کی بات چوہدری نثار کا سیاسی بیان ہے میں ان کے ساتھ رہا ہوں ان کا بیان غیر مناسب ہے،انہیں ایسی بات نہیں کرنا چاہئے تھی وہ نہیں جانتے تھے کہ میں کہاں ہوں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مجھے کسی عدالت سے رجوع کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں آج میڈیا کی عدالت میں حاضر ہوں اور کہہ رہا ہوں کہ میں زندہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ میں عارضہ قلب میں مبتلا ہوں جس کی وجہ سے سیاست میں حصہ نہیں لے رہا ہوں، چوہدری نثار سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی بات کریں تو اس سے پہلے اچھی طرح تحقیق کرلیں میرے قتل کے حوالے سے ان کی بات انتہائی نازیبا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں کوئی سیاستدان نہیں بلکہ الطاف حسین کا کارکن ہوں۔

## ڈیرہ مراد جمالی سے تعلق رکھنے والے سابق مسلم لیگی رہنماؤں کی ایم کیوایم میں شمولیت

ڈیرہ مراد جمالی۔۔۔30دسمبر 2010ء

ڈیرہ مراد جمالی میں جعفرآباد سے تعلق رکھنے والے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق ضلعی صدر جعفرآباد محمد یوسف جمالی،سابق تحصیل صدر کاکا ریاض احمد آرائیں، یونٹ صدر رئیس میر محمد ٹھکہ نے جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ وقیادت پر مکمل اعتماد اور ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں غیر مشروط شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم نصیرآباد زونل آفس میں زونل کمیٹی کے انچارج عبدالمالک جمالی، جوائنٹ انچارج شہباز خان عمرانی اور دیگر اراکین زونل کمیٹی سے ملاقات کے دوران کیا۔شمولیت اختیار کرنے والوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کی جماعت ہے جسے غریبوں کا کوئی خیال نہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہیں جو غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے اور قائدتحریک الطاف حسین ہی پاکستان کو مشکل وقت سے نہ صرف نکال سکتے ہیں بلکہ غریبوں کو ان کے جائز حقوق دلا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا منشور غریبوں کی ترجمانی کرتا ہے اور ان کے امنگوں اور خواہشات کے عین مطابق ہے۔اس موقع پر زونل انچارج عبدالمالک جمالی اور دیگر نے مسلم لیگ (ن) کے سابق عہدیداران کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر ان کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## عوام وکارکنان افتخار اللہ کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔30دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نائن زیرو پر خدمات انجام دینے والے اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن افتخار اللہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین ماؤں، بہنوں، بزرگوں، کارکنان وعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ افتخار اللہ کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ افتخار اللہ ان دنوں شدید علیل ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## گھوٹکی میں جرائم کی وارداتیں لمحہ فکریہ ہیں،شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے جائیں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ خصوصاً گھوٹکی میں سنگین جرائم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ گھوٹکی میں جرائم کی وارداتوں اورشہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پراقدامات بروئے کارلائیں جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ خصوصاً گھوٹکی میں اغواء برائے تاوان،دہشت گردی اور چوری ڈکیتیوں کی وارداتوں میں تیزی سے اضافہ ہورہاہے جس کے باعث شہریوں کی جان ومال غیرمحفوظ ہوکر رہ گئی ہے جبکہ پولیس وانتظامیہ کی جانب سے وارداتوں کی روک تھام کیلئے کسی بھی قسم کے اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں جس سے شہریوں میں شدید بے چینی اورخوف وہراس پایا جارہاہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گھوٹکی میں جرائم کی وارداتیں ملک بھرخصوصا دیگرشہروں کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ اور پولیس وانتظامیہ کی کارکردگی پرسوالیہ نشان ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ ایک جانب گھوٹکی میں جرائم پیشہ عناصرسرعام عوام کواغواء کرکے بھاری تاوان وصول کررہے ہیں،گھروں اوردوران سفرعوام کولوٹ رہے ہیں جبکہ دوسری جانب پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی صدرِپاکستان آصف علی زرداری،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا کہ سندھ خصوصاً گھوٹکی میں سنگین جرائم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی وارداتوں کا نوٹس لیا جائے اورشہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پراقدامات بروئے کارلائیں جائیں۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن احمد علی قریشی ولدنصیراحمد تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج

کراچی۔۔۔30دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن احمد علی قریشی ولدنصیراحمد کوتنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اورغیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پرعمل کرتے ہوئے احمد علی قریشی ولدنصیراحمد سے کسی بھی قسم کا تعلق اورربطہ نہ رکھیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔30دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی،آئی،بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن محمود فیاض کی ہمشیرہ محترمہ رخسانہ طارق،ٹنڈوالہ یارزون یونٹ A-2 کے کارکنان سیّدرفیق شاہ اورسیّدصدیق شاہ کی والدہ محترمہ آمنہ بیگم،گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن آفتاب احمد خان کی والدہ محترمہ بلقیس بیگم،لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن پرویز کی والدہ محترمہ اشرافی بیگم،لیبرڈویژن پی آئی اے سب یونٹ کی کمیٹی ممبرشہلا ندیم کے شوہر ندیم افتخار خان اورایم کیوایم (محبان پاکستان) عمان یونٹ کے ذمہ دارمحمد عرفان کے والد سیّدعبدالوحید کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارن صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆